<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

<u>شعبہ تعلقات عامہ</u>

<u>وضاحت</u>

مورخہ 5اکتوبر 2020ء

مختلف سیاسی جماعتوں کی طرف سے الیکشن 2018ء کے بارے میں مختلف آراء کے اظہار کے بعد میڈیا کی جانب سے الیکشن کمیشن میں دائر کی گئیں انتخابی عذرداریوں اور ان پر فیصلہ جات کے متعلق وضاحتیں مانگی جا رہی ہیں اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے یہ ضروری سمجھا کہ اس سلسلے میں وضاحت دی جائے ۔

ملک میں عام انتخابات کے بعد مختلف سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کی طرف سے کل 299 انتخابی عذرداریاں دائر کی گئیں ۔پیپلزپارٹی کے امیدواروں کی طرف سے قومی اسمبلی کے حلقہ جات میں 9 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کے لئے 20 الیکشن پٹیشنز دائر کی گئیں اس طرح پاکستان مسلم لیگ (ن)کے امیدواروں نے قومی اسمبلی کے حلقہ جات کے لئے 15 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کے لئے 28 پٹیشنز دائر کیں مزید پاکستان تحریک انصاف کے امیدواروں نے قومی اسمبلی کے لئے 23 اور صوبائی اسمبلیوں کے حلقہ جات کے لئے53 الیکشن پیٹشنز دائر کیں ۔ اس کے علاوہ دیگر سیاسی جماعتوں اور آزاد امیداروں نے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے لئے 151 الیکشن پیٹشنز دائر کیں اب تک قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے 210 حلقہ جات کی پٹیشنز کے فیصلہ جات الیکشن ٹربیونلز نے کر دیئے ہیں ۔

****